K

1

2

3

4

5

6

7

8

عظیم توقعات

آپ کے بچے کے مستقبل میں شراکت داری کے لئے

NYC
Department of Education
Joel I. Klein, Chancellor

عظیم اسکولوں کا آغاز عظیم توقعات سے ہوتا ہے

علمیت کے معیارات ان بنیادوں کی وضاحت کرتے ہیں کہ طلبا کو ہر گریڈ میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- یہ معیارات یقینی بناتے ہیں کہ تمام بچے اگلے گریڈ میں آگے بڑھنے اور بعد میں کالج میں کامیابی حاصل کرنے، کمائی کرنے اور اپنی برادریوں کے کارآمد اراکین بننے کے لئے تیار ہیں- بچوں میں تعلیم کا شوق پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو انھیں ایک ایسی دنیا سے بہتر طور پر وابستہ کرے گی جہاں اہم معلومات تیزی سے تبدیل ہوتی اور ابھرتی ہیں-

اس مسابقتی عالمی معیشت میں کام کی تلاش اور تیزی سے تبدیل ہوتی دنیا میں فرائض کی انجام دہی کے لئے ہمارے بچوں کو پہلے سے کہیں زیادہ جاننے کی ضرورت ہو گی- یہ حقیقت ان سندیافتگان کے لئے ہے جو چار سالہ کالجز میں داخلہ لینے کا منصوبہ بناتے ہیں؛ اور ان طلبا کے لئے بھی یہ ایک حقیقت ہے جو ہائی اسکول کے بعد ہی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کرنا چاہتے ہیں-

نیویارک ریاست کے جو معیارات ہم استعمال کرتے ہیں ہمارے طلبا کو ایسا محنت طلب نصاب فراہم کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہیں جو اس امر کو یقینی بنائے کہ ان میں تخلیقی، تنقیدی فکری مہارتیں اور مسائل سلجھانے کی قابلیت پیدا ہو جس کی انھیں جدید دنیا کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے ضرورت ہوگی- مگر معیارات محض نقطۂ آغاز ہیں، منزل نہیں- ہمارے طلبا علم کی مضبوط بنیاد کی تکمیل اور تعمیر کے ذریعے اپنی تعلیم سے بہترین مفاد حاصل کریں گے-

یہاں آپ کو کچھ مثالیں ملیں گی کہ تعلیمی سال کے اختتام تک پانچویں گریڈ کے طلبا کو فنونِ زبان، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- آپ کو ایسے بھی طریقے ملیں گے جن کے ذریعے آپ بحیثیت خاندان کے تدریس کی اعانت کرسکتے ہیں، بشمول ایسی چیزیں جو آپ گھر پر، اپنے گردونواح اور ہمارے عظیم شہر کے اطراف میں کر سکتے ہیں-

یہ گائیڈ پانچویں گریڈ کے لئے معیارات کے صرف چند نمونے فراہم کرتی ہے- دیگر معیارات کا کیا ہو گا؟ آپ کے بچے کو پانچویں گریڈ شروع کرنے سے پہلے کیا سیکھ لینا چاہیے تھا؟ وہ چھٹے اور اس سے اگلے گریڈز میں کیا سیکھے گا؟ آپ ان تمام سوالات کے جوابات اپنے بچے کے استاد سے پوچھ سکتے ہیں یا ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر تلاش کر سکتے ہیں-

مطالعے کی عمدہ عادات

اپنے بچوں میں مطالعے کی اچھی عادات کے فروغ میں معاونت کے لئے:

- ہوم ورک کرنے کے لئے گھر میں ایک آرام دہ جگہ مقرر کریں جہاں پین، پینسلیں، کاغذ، قینچی اور ٹیپ جیسا عام سامان قریبی دستیاب ہوں-
- اپنے بچے کو روزانہ مفوضہ کام لکھنے اور ترتیب کرنے کے لیے کہیں- ان کو یہ سیکھنے کی ضرورت ہے کہ اپنے وقت کو کس طرح منظم کیا جائے اور طویل المعیاد مقاصد کی طرف محنت کی جائے-
- انکو سب سے مشکل ہوم ورک پہلے کرنے کی ترغیب دیں، نہ کے آخر میں-
- اس امر کو یقینی بنائیں کہ مفوضہ کام مکمل اور بروقت ہے- صحیح جواب حاصل کرنے کے بجائے اس کی زیادہ فکر کریں کہ کام مکمل کرنے کے لیے کیا طریقِ عمل اپنایا گیا-

دیگر خیالات کے لئے ملاحظ کیجئیے:
www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

معذوری کے حامل طلبا:

تاوقتیکہ طلبا کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں کسی اور طرح بیان کیا گیا ہو، معذوری کے حامل طلبا عمومی تعلیمی نصاب میں شریک ہوں گے جس میں مختلف تدریسی سطوح اور مختلف ماحول کے مطابق ردوبدل کیا جا سکتا ہے (جیسے کہ باہمی ٹیم تدریس یا خصوصی تعلیم کی خود مختار کلاسیں)- موافقت میں تدریسی امداد جیسے کہ کیلکولیٹرز اور بصری آلات کا استعمال، نئی مہارتیں سیکھنے کے لئے اضافی وقت کی فراہمی، اور معذوری کے حامل طلبا کے معیارات کی تکمیل میں مدد کے لئے اسائنمنٹس کی طوالت میں کمی وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں-

اپنے بچے کے اساتذہ سے پوچھئیے

علمی معیارات آپ کو اساتذہ سے اس بارے میں بات کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیا سیکھ رہا ہے اور آپ گھر پر اس تعلیم میں کس طرح معاونت کر سکتے ہیں۔ ذیل میں چند سوالات ہیں جو آپ پوچھ سکتے ہیں۔

کسی معیار کے بارے میں مزید جاننا:

- ❑ کیا آپ مجھے طالب علم کے کام کے ایسے نمونے دکھا سکتے ہیں جو اس معیار پر پورا اترتے ہوں؟
- ❑ کیا میں اس معیار سے متعلق اپنے بچے کے کام کے کچھ نمونے دیکھ سکتا ہوں؟
- ❑ تعلیمی سال کے دوران میرا بچہ اس معیار پر کب کام کرے گا؟
- ❑ اس معیار کی تکمیل یا اس سے متجاوز ہونے کے لئے آپ کون سی سرگرمیاں اور سامان استعمال کرتے ہیں؟ آپ کیا کلاس ورک اور ہوم ورک تفیوض کرنے توقع کرتے ہیں؟
- ❑ وہ کون سی مشقیں ہیں جو میں اس معیار میں امداد کے لئے اپنے بچے کے ساتھ کر سکتا ہوں؟
- ❑ اس رہنمائی کتابچہ میں دئیے گئے معیارات کے علاوہ اس سال میرے بچے کے لئے مزید کیا سیکھنا متوقع ہے؟

یہ جاننا کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیسا کر رہا ہے:

- ❑ میرا بچہ کن مضامیں میں گریڈ کی سطح پر کام کر رہا ہے؟ کیا کوئی ایسے مضامین ہیں جس میں میرے بچے کو بہتری کی ضرورت ہے؟
- ❑ کیا میرا بچہ گریڈ سطح پر مطالعہ کررہا ہے؟ کیا آپ مجھے چند کتابیں دکھا سکتے ہیں جو میرا بچہ پڑھ سکتا ہے؟
- ❑ میرا بچہ ہر روز ہر مضمون پر کام کرنے میں کتنا وقت صرف کرتا ہے؟
- ❑ آپ دورانِ سال میرے بچے کی ان مضامین میں کس طرح تشخیص کرتے ہیں؟

یہ جاننا کہ اپنے بچے کی معاونت کس طرح کریں:

- ❑ رپورٹ کارڈز کے علاوہ وہ کون سے بہترین طریقے ہیں جن سے اس بارے میں کہ میرا بچہ کیسا کام کر رہا ہے تابہ امروز رہا جا سکتا ہے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق نہیں ہے: اسکول میرے بچے کو کیا امداد پیش کرنے کے قابل ہے؟ میں اپنے بچے کے ساتھ گھر پر کیا کر سکتا ہوں جس سے میرے بچے کو اسکول میں بہتر کام کرنے میں مدد ملے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق یا اس سے بالاتر ہے: آپ میرے بچے کی اضافی تعلیمی تقویت اور معاونت کے لئے کیا تجویز کرتے ہیں؟ میں گھر پر کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

5

فنونِ زبان

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- بتائی گئی چیزوں کے مجموعی جائزے یا کوئی مخصوص چیز تلاش کرنے کیلئے تحریری عبارت کا سرسری مطالعہ کرسکیں، جیسے اخباری مضامین یا کسی کتاب کے صفحات۔
- متعلقہ معلومات (مثلاً ایسی معلومات جو کسی عبارت میں موجود تصور کی تائید کرتی ہو) اور غیر متعلقہ معلومات کے درمیان فرق سے واقف ہوں۔
- پڑھی گئی معلومات کو سمجھنے یا اس کے بارے میں رائے قائم کرنے میں مدد کیلئے کسی موضوع سے متعلق اپنی سابقہ معلومات کو استعمال کرسکیں۔
- اوقاف، چھوٹے بڑے حروف اور ہجے کی معلومات ہو اور اس کے قوانین استعمال کرسکیں۔
- ان مختلف صلاحیتوں سے واقفیت اور ان کا استعمال جنھیں اچھے مصنفین استعمال کرتے ہیں، جیسے الفاظ کا انتخاب، خیالات کی تنظیم و ترتیب، اور استعارے اور دیگر بیانیہ صنعتوں کا استعمال کرسکیں۔
- مختلف قسم کی عبارتوں، جیسے کتابیں، ڈرامے اور نظموں کو آواز کی سروں، اتار چڑھاؤ، اور عبارت کے تصور اور انداز کو نمایاں طور پر پیش کرتے ہوئے اونچی آواز سے پڑھیں۔
- عبارت میں موجود معلومات کی بنیاد پر خلاصہ تیار کرسکیں اور نتائج اخذ کریں۔
- مختلف سامعین کے ساتھ بات کرتے ہوئے تصورات کی ترسیل کیلئے زبان، قواعد اور موزوں فرہنگ کا استعمال کریں۔
- لکھتے وقت مختلف قسم کے تنظیمی نمونوں (تاریخ وار ترتیب، سبب / اثر) کا استعمال کریں۔
- متعدد مآخذوں سے اعداد و شمار، حقائق، تصورات کو جمع کرنے اور انکی تشریح کرنے کیلئے مطالعہ کریں؛ ایک موضوع پر ایسی معلومات کی مماثلت اور موازنہ کریں۔

گھر پر تعلیم

خاندان کی آبائی زبانوں اور انگریزی میں درج ذیل تدابیر استعمال کی جاسکتی ہیں۔

اپنے بچے کو کسی ڈرامے میں لے کر جائیں اور لفظوں کو ادائیگی میں ڈھلتا دیکھیں۔ نیویارک میں دو درجن سے زیادہ تھیٹر کمپنیاں ہیں جو ہر عمر کے بچوں کیلئے لائیو فنکاری پیش کرتے ہیں۔ www.nytheatre.com پر معلوم کریں کہ کیا ہورہا ہے۔ ہوم پیج سے، "بچوں اور کنبوں کیلئے" (For Kids & Families) پر کلک کریں۔

اپنے بچے کو ان کی اصل لکھی ہوئی تحریر اونچی آواز سے پڑھنے، آپ کے اور کنبے کے دیگر اراکین کے ساتھ نظموں اور مختصر کہانیوں کا اشتراک کرنے **کیلئے کہیں۔**

آپ اپنے بچے کے ساتھ جو کچھ پڑھ رہے ہیں اس پر گفتگو کریں اور کتابوں میں موجود تصورات **پر گفتگو کریں۔**

اپنے بچے کو مختلف اصناف کی نئی کتابیں تلاش کرنے کی ترغیب دیں، جیسے نظمیں یا ڈرامے۔ نیویارک پبلک لائبریری تجویز کردہ مطالعے کیلئے ویب پورٹل kids.nypl.org/reading/recommended.cfm آغاز کیلئے بہترین جگہ ہے۔

ریاضی

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- دو عددی اور تین عددی بندسوں کو ضرب اور تقسیم دے سکیں-
- ایک ملین (1,000,000) تک کے اعداد پڑھ اور لکھ سکیں-
- کسی عدد کا اجزاء ضربیہ نکال سکیں- اجزائے ضربیہ وہ اعداد ہوتے ہیں جنھیں کوئی جواب حاصل کرنے کیلئے ضرب دیا جاسکتا ہے جسے حاصل کہتے ہیں- مثال کے طور پر، 3 اور 5، 15 کے اجزائے ضربیہ ہیں-
- اس بات کو سمجھیں کہ فیصد 100 کا حصہ ہیں- مثال کے طور پر، 20 فیصد 100 کے 20 حصوں کی نمائندگی کرتا ہے- فیصد کو کسور (50 فیصد ½ ہوگا) اور اعشاریہ (20 فیصد 0.20 ہوگا) کی شکل میں لکھ سکیں-
- کسور کو ان کی کمتر شکل میں حل کریں - مثال کے طور پر، 20/100، ⅕ ہوگا-
- چار ضلعی (چار پہلوؤں والی جیومیٹری کی شکل) کی درجہ بندی ان کے زاویوں اور پہلوؤں کے لحاظ سے کریں- مثال کے طور پر، 90 درجے کے چار زوایوں اور چار مساوی اضلاع والا مربع چار ضلعی ہوگا-
- قریب ترین انچ، ½ انچ، ¼ انچ، اور ⅛ انچ اور قریب ترین سنٹی میٹر کی پیمائش کیلئے پیمائشی سطر استعمال کریں-
- الجبرا کے جملوں کو سمجھنا- مثال کے طور پر، 2x الجبرے کے جملے "کسی مقدار کا دوگنا" کا اظہار ہے، اور 4a + 3 الجبرے کے جملے "کسی مقدار کا چار گنا جوڑ دوسری مقدار کا تین گنا" کا اظہار ہے-
- کسی ایک تجربے کے تمام ممکنہ نتائج کو درج کریں- مثال کے طور پر، سکے اچھالنے پر نکلنے والے تمام ممکنہ نتائج درج کریں-
- حقیقی دنیا کے حالات میں ریاضی کی بنیادی صلاحیتوں کا استعمال کریں- مثال کے طور پر، اس بات کی شناخت کہ 20 فیصد کی چھوٹ کا مطلب ہے ہر ڈالر پر 20 سینٹس کی بچت-

گھر پر تعلیم

میتھمیٹیکا: اعداد کی ایک دنیا، نامی متعامل نمائشِ میں جائیں- کوئنز کے نیویارک ہال آف سائنس میں اسے اپنے بچے کے ساتھ، ملاحظہ کریں -www.nyscience.org

اپنے بچے کے ساتھ، 100 پینیز اکٹھی کریں اور اس بات پر اتفاق کریں کہ ہر پینی ایک ڈالر کا ایک فیصد ہیں- اپنے بچے کو دوسرا فیصد حاصل کرنے کیلئے سکوں کو جوڑنے اور گھٹانے دیں-

مختلف ڈپارٹمنٹ اسٹورز میں فروختگی کے اشتہارات تلاش کریں- کون سا اسٹور سب سے زیادہ چھوٹ کی پیشکش کررہا ہے؟ ایسی دیگر چیزوں کے بارے میں گفتگو کریں جو اس بات کا تعین کرتی ہوں کہ آیا قیمت فروخت مناسب ہے-

PBS سلسلے کے سائبرچیس کیلئے ویب سائٹ pbskids.org/cyberchase ملاحظہ کریں، جو بچوں کو ریاضی میں مصروف رکھنے کیلئے اسرار، مزاح، اور عمل فراہم کرتا ہے- اس سائٹ پر اہلِ خانہ کیلئے اپنے بچوں کو ریاضی اور سائنس کی تعلیم میں مدد کیلئے نکات بھی موجود ہیں-

سائنس

پانچویں گریڈ میں سائنس، سائنسی تحقیقات کی نوعیت، علوم ارضی، خوراک اور غذائیت، اور ماحولیاتی نظاموں کی تفتیش کرتا کرتی ہے-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- ایسے سوالات کی شناخت کرسکیں جن کا جواب سائنسی تحقیقات کے ذریعہ دیا جاسکے، جیسے مواد کا مشاہدہ اور اسے جمع کرنا- سوالات کا جواب دینے کیلئے سائنسی تحقیقات ترتیب دے سکیں اور انہیں انجام دے سکیں-
- سائنسی تفتیش میں ریاضیات کا استعمال کرسکیں-
- یہ سمجھیں کہ چٹانوں معدنیات پر مشتمل ہیں-
- اس کی تحقیق، اسے ریکارڈ، اور اس کی وضاحت کرسکیں کہ چٹانوں اور مٹی کی تشکیل کیسے ہوتی ہے -
- واقعات کی شناخت کرسکیں، جیسے زلزلہ اور آتش فشاں کا پھٹنا جس کے سبب زمینی سطح میں حرکت پیدا ہوتی ہے-
- زمین کی شکلوں کے نمونوں کا ڈیزائن بناسکیں اور اسے تیار کرسکیں-
- ایسی عادات کی شناخت کریں جو اچھی صحت کو معاونت فراہم کرتی ہیں، بشمول نقصاندہ مادوں، جیسے الکحل اور تمباکو سے پرہیز، قوت بخش غذا کھانا، اور پابندی سے ورزش کرنا-
- اس بات کو سمجھیں کہ غذا سے ایسی توانائی اور مادہِ حاصل ہوتے ہیں جن کی جانداروں کو نشونما اور اپنی درستگی کیلئے ضرورت ہوتی ہے-
- ایک ماحولیاتی نظام کے جاندار اور غیر جاندار حصوں کا مشاہدہ، شناخت اور انہیں ریکارڈ کرسکیں-
- انسانی سرگرمیوں کی ان مثالوں کی شناخت کرسکیں جن سے دوسرے اجسام پر فائدے مند یا نقصاندہ اثرات ہوتے ہیں-

گھر پر تعلیم

اپنے بچے کے ساتھ، ایک ایسی تبدیلی کا فیصلہ کریں جو آپ کے خاندان کو صحت مند بنانے میں مدد کرے، مثال کے طور پر، زیادہ ورزش کرنا- اپنے بچے کو کتابوں اور ویب سے قابلِ اعتبار معلومات تلاش کرنے کیلئے کہیں، اور اس بات پر گفتگو کریں کہ آپ کا خاندان تبدیلی کیلئے کیا کرسکتا ہے-

اپنے بچے کو علوم ارضی کے ہفتے میں شرکت کی ترغیب دیں، جو سالانہ طور پر امیرکن جیولوجیکل انسٹیٹیوٹ کے زیر کفالت ہوتا ہے- مقامی اور قومی سرگرمیاں، معلومات، اور وسائل www.earthsciweek.org پر دستیاب ہیں-

اہلِ خانہ کے ساتھ اپر ویسٹ سائڈ کے امیرکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری میں واقع **نیویارک اسٹیٹ انوائرنمنٹ ہال میں یہ دیکھنے کیلئے جائیں** کہ کس طرح وقت کے ساتھ ہمارے شہر اور ریاست کے قدرتی ارضی مناظر کی نشو و نما ہوئی ہے- نیویارک اور دیگر مقامات کی چٹانوں کے بارے میں آن لائن معلومات تلاش کرنے کیلئے، www.amnh.org/ology/earth ملاحظہ کریں اور "گر چٹان بات کرسکتے" (If Rocks Could Talk) پر کلک کریں-

معاشرتی علوم

پانچویں گریڈ کے معاشرتی علوم میں، طلبا مغربی نصف کرہ کے ممالک، بشمول ریاستہائے متحدہ، کینیڈا، اور لاطینی امریکہ کے ممالک کی تفتیش کرتے ہیں۔

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- معلومات کے بنیادی ذرائع کی شناخت اور تجزیہ کرسکیں، جیسے اصل خطوط، ڈائریاں، اور دیگر دستاویزات۔
- مغربی نصف کرّہ سے متعلق نقشے، گراف، چارٹ، اور دیگر بصری نمونوں سے حاصل معلومات کی تشریح کرسکیں۔
- یہ بیان کرسکیں کے ریاستہائے متحدہ، کینیڈا اور لاطینی امریکہ کے متعدد نسلی گروہوں نے کس طرح مغربی نصف کرّہ کے ثقافتی تنوع کو معاونت فراہم کی ہے۔
- مغربی نصف کرّے کی تاریخ کے اہم واقعات کی مماثلت اور موازنہ — مثال کے طور پر میکسیکو کے ازٹیک تہذیب کا عروج و زوال اور اسپین کے تفتیش کرنے والوں کی آمد۔
- تاریخی شخصیت یا واقعے کی تحقیق کیلئے بنیادی وسائل کا استعمال، جیسے خطوط اور دیگر اصلی دستاویزات۔ تحقیق پر مبنی پیش کش کی تخلیق اور اسے پیش کرنا۔
- یہ سمجھنا کے سیاسی حد بندیاں وقت کے ساتھ تبدیل ہوتی ہے۔
- نقشے، گلوب، اور اٹلس کا استعمال کرتے ہوئے مغربی نصف کرّے کی نمایاں جغرافیائی خصوصیات کی نشاندہی کریں، جیسے براعظم، ندیاں، اور پہاڑی سلسلے۔
- یہ جانیں اور سمجھیں کہ مغربی نصف کرّے کی قوموں کے افراد کس طرح اپنی بنیادی ضروریات اور خواہشات کی تکمیل کرتے ہیں - مثال کے طور پر، رہائش، غذا، اور لباس۔
- ریاستہائے متحدہ، کینیڈا اور لاطینی امریکہ کی قوموں کے حبِ وطن جشنوں سے آگاہی کا اظہار کریں۔ ایک کارروائی کے مراحل کی تصویری یا تحریر چارٹ تیار کریں جو یہ بیان کرے کے ریاستہائے متحدہ میں قوانین کس طرح تشکیل دیے جاتے ہیں۔

گھر پر تعلیم

بچوں کی kids.nypl.org/holidays/index.cfm/cfm، **"On-Lion"** شہر، مغربی نصف کرّے، اور عالمی پیمانے پر تعطیلات اور تقاریب کیلئے نیویارک پبلک لائبریری کا ایک پورٹل ہے۔ یہ سائٹ ذاتی تقاریب جیسے یوم ولادت، ساتھ ہی سرکاری یادگار تقاریب، جیسے افریقن - امریکن تاریخ، ایشین پیسیفک امریکن تاریخ، اوربسپانوی ثقافت سے متعلق روایات کے لنکس فراہم کرتا ہے۔

اپنے بچے کو ہر ہفتے اخبار یا ٹی وی نشریات سے ایک اہم تازہ واقعہ منتخب کرنے میں مدد کریں۔ اس بارے میں باتیں کریں کہ آج سے ایک سال بعد، اب سے 10 سال بعد، اور اب سے 100 سال بعد لوگ اس کے بارے میں کیا کہیں گے۔

اپنے بچے کے ساتھ، نیویارک شہر کے اسمتھ سونین انسٹیٹیوشنز نیشنل میوزیم آف دی امریکن انڈین کے جارج گستاؤ ہیے سینٹر نامی حصے میں، مغربی نصف کرّے **کے امریکن انڈین کی تاریخ اور ثقافت کی تفتیش کریں۔** معلومات کیلئے، www.nmai.si.edu پر جائیں اور "ملاقاتیوں کیلئے معلومات" (Visitor Information) پر، پھر "نیویارک میں NMAI" پر کلک کریں۔

مزید ضروری معلومات اور مہارتیں

ہمارے پانچویں گریڈ کے طلبا پڑھنے، لکھنے، ریاضی کا کام کرنے سے کہیں زیادہ سیکھ رہے ہیں، اور سائنس اور معاشرتی علوم کے بنیادی تصورات کو سمجھتے ہیں-

- **آرٹس:** پانچویں گریڈ کے طلبا بصری فنون، موسیقی، رقص اور تھیٹر میں شرکت کرتے ہیں- وہ فن کی ہر صنف میں اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہیں اور سیکھتے ہیں کہ موزوں فرہنگ اور تنقیدی صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے کس طرح فنون پر بحث کی جائے- وہ اپنے مطالعات کو تاریخی، ثقافتی، اقتصادی اور ان دیگر عوامل کے ساتھ مربوط کرتے ہیں جو فنون کو متاثر کرتے ہیں، اور وہ نیویارک شہر کے فنون کے مختلف النوع اور متمول وسائل کی تفتیش کرتے ہیں- مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics
- **تندرستی اور صحت:** طلبا لگاتار اپنی ذاتی صحت اور بہبود، اپنے اہلِ خانہ اور دوستوں، اور اپنے اسکول اور برادری کی صحت کو بہتر بنانے کیلئے کوشاں رہتے ہیں- مثال کے طور پر، تمام مضامینی میدانوں میں طلبا یہ سیکھتے ہیں کہ صحت سے متعلق طرز عمل پر اہلِ خانہ، ہمسروں، اور نشریات کے اثرات کی تشخیص کس طرح کی جائے اور کس طرح صحتمندانہ طرز عمل کی مشق کی جائے اور خطرناک طرز عمل، جیسے سگریٹ نوشی اور منشیات سے بچا جائے- مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics
- **لائبریری اور تحقیق:** سال کے اختتام تک، پانچویں گریڈ کے طلبا پس منظر کی معلومات حاصل کرنے؛ اچھے تحقیقی سوالات لکھنے؛ طباعتی، الکٹرانک، اور انسانی وسائل جیسے ذرائع کا استعمال کرکے معلومات کی تلاش کرنے؛ مختلف قسم کی یادداشتیں لکھنے (مثال کے طور پر، تحریری اور الکٹرانک)؛ رائے قائم کرنے اور اس کی تائید کیلئے ثبوت جمع کرنے؛ دوسروں کے تبصروں کی بنیاد پر اپنے کام پر نظرثانی کرنے؛ کسی کہانی کے موضوع سے متعلق نتائج اخذ کرنے؛ اور انٹرنیٹ استعمال کرتے وقت حفاظتی طریقہ کار اپنانے کیلئے مآخذات کا استعمال کرسکتے ہیں- مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics
- **ٹکنالوجی:** پانچویں گریڈ میں طلبا ٹکنالوجی اور معلومات کے ذمہ دارانہ استعمال سے متعلق بنیادی امور پر بحث کرسکتے ہیں، کمپیوٹر کے قابل قبول اور ناقابل قبول استعمال بیان کرنے والی صورتحال کی شناخت کرسکتے ہیں، اور ناموزوں استعمال سے وابستہ ذاتی نتائج کی وضاحت کرسکتے ہیں- طلبا دستاویزات اور سپریڈ شیٹ، پیش کشوں اور دیگر تخلیقی کاموں میں تصاویر، شبیہ، اور چارٹس کو درآمد کرنے کے طریقِ کار سے واقف ہوتے ہیں- طلبا، یکساں نصابی مواد مطالعہ کررہے دیگر طلبا کے ساتھ کلاس روم کے اندر اور باہر کے باہمی پروجیکٹس کیلئے مواصلاتی ذرائع (جیسے ای میل، آن لائن مباحثے، اور ویب انوائرنمنٹس) اور آن لائن وسائل کا استعمال کرتے ہیں- مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

مزید جانئیے

یہ رہنمائی کتابچہ آپ کو ان متعدد معیارات کا سرسری جائزہ فراہم کرتا ہے جو آپ کا بچہ اس سال سیکھے گا- آپ ہماری تعلیم وتدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر گریڈز K-8 تک کے رہنمائی کتابچے، اسکے علاوہ تمام مضامین اور تمام گریڈز کے مکمل معیارات کی نقول کو ملاحظ اور ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں-

شعبہ برائے تعلیم و تدریس اور دفتر برائے خاندانی شمولیت اور حمایت (OFEA) آپکے بچے کی تعلیم کے بارے میں اور ان خیالات کے بارے میں دیگر معلومات پیش کرتا ہے کہ آپ کس طرح اپنے بچے کے اسکول کو اعانت فراہم کرسکتے ہیں، دونوں گھر پر اور اپنے بچے کے اسکول میں- مزید معلومات کے لیے تعلیم و تدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics اور OFEA کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/OFEA ملاحظہ کیجئیے- آپ اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ یا OFEA کے ساتھ 2323-374 (212) یا ofea@schools.nyc.gov پر رابطہ بھی کرسکتے ہیں- علاوہ آپ اپنے بچوں کے ساتھ شہر کے دیگر ثقافتی اور تاریخی اداروں کی سیر کے لئے 311 پر فون کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں-

DIAL 311

NYC Department of Education
Joel I. Klein, Chancellor

T&I-7924 5th (Urdu)